باب 4

تخیلاتی جاندار

ہمارا تخیل ہمیں وہ چیزیں دیکھنے اور سوچنے کی طاقت دیتا ہے جو ابھی تک بنائی نہیں گئی ہیں۔ محنت، استقامت اور لگن کے ذریعے ایسے کئی خیال حقیقت کا روپ لے چکے ہیں۔ مثال کے طور پر پرندوں کی طرح اڑنے کا خواب، ہوائی جہاز کی ایجاد کا سبب بنا۔ کیا آپ ایسی دیگر ایجادات کے بارے میں سوچ سکتے ہیں جنھوں نے ہمیں مچھلیوں کی طرح تیرنے، مکڑیوں کی طرح جال بننے اور کیچوؤں کی طرح زمین کھودنے میں مدد دی ہے؟

ایک فن کار کی حیثیت سے، آپ وہ سب کچھ تخلیق کر سکتے ہیں جس کا آپ خواب دیکھتے ہیں صرف وہ نہیں جو آپ اپنے اردگرد دیکھتے ہیں۔

ہندوستانی آرٹ میں ہمیں اکثر ایسے تخیلاتی جاندار ملتے ہیں جو مختلف جانوروں کے اعضا سے مل کر بنے ہوتے ہیں۔ ان کے گرد کئی کہانیاں گھومتی ہیں۔ جو سننے میں بہت دل چسپ لگتی ہیں۔ جب آپ ان تصویروں یا علامتوں کے پیچھے چھپی باتوں کو سمجھنے لگتے ہیں تو یہ جاندار اور بھی حیرت انگیز لگتے ہیں۔

اگلے صفحے پر نوگُنجارا (Navagunjara) کی تصویر دیکھیے۔ یہ ایک ایسا تخیلاتی جاندار ہے جو نو الگ الگ جانوروں کے اعضا سے مل کر بنا ہے۔

یہ تین ٹانگوں پر کھڑا ہے اور اس کا ایک انسانی ہاتھ ہے، جس میں پھول ہے۔

4537CH04

© NCERT not to be republished

سرگرمی 4.1

تصویر میں نظر آنے والے نو جانوروں کے اعضا کے نام بھریے۔

1. ______ کا تاج
2. ______ کی چونچ
3. ______ کی گردن
4. ______ کا کوہان
5. ______ کا پیٹ
6. ______ کی اگلی ٹانگ
7. ______ کی پچھلی بائیں ٹانگ
8. ______ کی پچھلی دائیں ٹانگ
9. ______ کی شکل کی دُم

© NCERT not to be republished

نوگنجارا کی کہانی جاننے کے لیے اپنے استاد یا والدین سے مدد لیجیے۔

سرگرمی 4.2 میرا پسندیدہ جاندار

ایسے کسی انسان، جانور اور پودے کے بارے میں سوچیے جس کی خوبیاں آپ کو سب سے زیادہ پسند ہوں۔

	شخص	جانور	پودا	سامان
ان کی خوبیاں لکھیں				
ان کے اوپری جسم کی تصویر بنائیں				
ان کے درمیانی جسم کی تصویر بنائیں				
ان کے نچلے جسم کی تصویر بنائیں				

اب اپنی آنکھیں بند کیجیے اور سوچیے کہ اگر ان سب کی خاص خاص خوبیاں ایک ہی جاندار میں جمع ہو جائیں تو وہ کیسا لگے گا؟ ایسا مثالی جاندار شاید اصلیت میں نہ ہو مگر آپ فن کے طاقت سے اُسے تیار کر سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 4.3 اپنا تخیلاتی جاندار بنانا

اپنی بنائی ہوئی تصویروں کو غور سے دیکھیے۔

مختلف چیزوں کو ملاکر نئے جاندار بنانے کے بارے میں سوچیے۔مثال کے طور پر آپ کا جاندار کسی جانور کا سر، انسان کا جسم،اور کسی پودے یا کسی چیز کے نچلے حِصّہ جیسے پاؤں کی طرح ہوسکتا ہے۔



یہ بھی ضروری ہے کہ آپ الگ الگ چیزوں کو ملاکر نئی شکلیں بنانے کی کوشش کریں۔اگر چاہیں تو ایک سے زیادہ سر، بازو یا ٹانگیں بھی شامل کر سکتے ہیں۔

- وہ تصویر منتخب کریں جو آپ کو سب سے زیادہ پسند آئی اور اسے اگلے صفحے پر بنائیے۔
- اس جاندار کو کپڑے،زیورات اور دیگر اشیا سے سجائیے اور انھیں رنگوں سے دل چسپ بنائیے۔
- اپنے بنائے ہوئے تخیلاتی جاندار کے لیے ایک نام سوچیے جو اس کی خاصیت کو ظاہر کرے اور اس کے بارے میں خوب صورت انداز میں چند جملے لکھیے۔

© NCERT not to be republished

اپنے تخیلاتی جاندار کی تصویر یہاں بنائیے۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 4.4 میرے تخیلاتی جاندار کی دنیا

ہم جس دنیا میں رہتے ہیں، وہاں ہوا، سورج، پانی، آکسیجن، ندیاں، زمین اور درخت جیسی جغرافیائی خصوصیات موجود ہیں۔ ہم اپنی زندگی کو آرام دہ بنانے کے لیے گھر، سڑکیں اور مختلف قسم کے آلات بناتے ہیں۔

اپنے تخیلاتی جاندار کے لیے ایک ایسی دنیا تخلیق کیجیے جہاں وہ آرام سے رہ سکے اور گھوم پھر سکے۔

اپنے تخیلاتی جاندار کو اپنے دوستوں کو دکھائیے اور ان سے کہیے کہ وہ آپ سے یہ سوالات کریں:

- اس جاندار کا پسندیدہ کھانا کیا ہے؟
- کیا یہ سوتا بھی ہے؟
- اس کا دل کہاں ہے؟
- یہ کہاں رہتا ہے؟
- یہ کیسے حرکت کرتا ہے؟
- اس کا سایہ کیسا نظر آتا ہے؟

ان سوالوں کے جوابات آپ کو اپنے جاندار کو بہتر سمجھنے میں مدد دیں گے اور آپ اس کے لیے شاندار دنیا تخلیق کر سکیں گے۔

- ایک تصویر بنائیے (یا پچھلی تصویر میں کوئی تبدیلی کیجیے) جس میں آپ کا تخیلاتی جاندار اس جگہ پر نظر آئے جہاں آپ کی سوچ کے مطابق وہ رہتا ہے۔
- اپنے تخیلاتی جاندار کو حرکت میں کرتا ہوا دکھائیے اور سایہ بناتے وقت اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کیجیے۔
- تصویر کو زیادہ سے زیادہ باریک بینی سے تیار کیجیے اور اپنی پسند کے رنگوں سے رنگیے۔

© NCERT not to be republished

اپنے تخیلاتی جاندار کو اس کی دنیا میں دکھانے کے لیے یہاں اس کی اچھی سی تصویر بنائیے۔

© NCERT
not to be republished

جائزہ

سی جی	سی	آموزشی ماحصل	استاد	خود
		باب 4 – تخیلاتی جاندار		
2	سی-2.1	ایسے جاندار بنانا جو جانوروں، پودوں، انسانوں اور چیزوں کے مختلف حصوں سے مل کر بنتے ہیں۔		
4	سی-4.2	تخیلاتی کرداروں کی کہانیاں سنانا اور ان پر بات کرنا۔		
		کلاس میں مجموعی طور پر شرکت۔		

استاد کے مشاہدات: ______________________________

____

____

دیگر تاثرات: ______________________________

____

____

© NCERT not to be republished